اونٹاریو کے صوبائی انتخابات میں ووٹ ڈالنے کے لیے تیار ہو جائیں!

صوبائی پارلیمنٹ کے لیے اپنے ممبر کو منتخب کرنے کے لیے 27 فروری کو یا اس سے پہلے اپنا X نشان **لگائیں۔**

<u>کیا آپ ووٹ دینے کے اہل ہیں؟</u>

اونٹاریو کے الیکشن مین ووٹ دینے کے لیے ضروری ہے کہ آپ:

- انتخابات کے دن 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہوں؛
- کینیڈا کے شہری ہوں؛ اور
- اونٹاریو کے رہائشی ہوں۔

<u>ووٹ دینے کے لیے رجسٹرڈ ہوں۔</u>

17 فروری تک elections.on.ca پر اپنی معلومات کی تصدیق کریں، انہیں اپ ڈیٹ کریں، یا معلومات شامل کریں۔ اگر آپ ووٹ دینے کے لیے رجسٹرڈ ہیں، تو آپ کو ڈاک کے ذریعے اپنا ووٹر انفارمیشن کارڈ موصول ہوگا جس میں یہ معلومات ہوں گی کہ کب اور کہاں ووٹ دینا ہے۔

اگر اب تک آپ رجسٹرڈ نہ بھی ہوئے ہیں پھر بھی آپ ووٹ دے سکتے ہیں۔ جب آپ ووٹ دینے جائیں تب شخصی طور پر موجود ہو کر اپنی معلومات شامل کریں۔

اہلیت اور ریجسٹریشن کے بارے میں معلومات کے لیے **elections.on.ca** پر جائیں۔

<u>ووٹر انفارمیشن کارڈ</u>

اگر آپ ووٹ دینے کے لیے رجسٹرڈ ہیں، تو آپ کو ڈاک کے ذریعے اپنا ووٹر انفارمیشن کارڈ موصول ہوگا جس میں یہ معلومات موجود ہوگی کہ آبکو کب اور کہاں ووٹ دینا ہے۔

اگر آپ کو ووٹر انفارمیشن کارڈ نہیں ملتا ہے تو پھر بھی آپ ووٹ دے سکتے ہیں۔ جب آپ ووٹ دینے جائیں تو ایک عدد ID ساتھ لائیں، جس پر آپ کا نام اورموجودہ پتہ دونوں نظر آئے۔

اپنے انتخابی ڈسٹرکٹ میں تاریخوں اور ووٹنگ کے مقامات کی مکمل فہرست کے لیے
voterinformationservice.elections.on.ca پر جائیں یا Elections Ontario کا ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

<u>ووٹ ڈالنے کے لیے ID</u>

کیا آپ کو ڈاک کے ذریعے یا Elections Ontario کے ایپ کے ذریعے اپنا ووٹر انفارمیشن کارڈ موصول ہوا؟

- **جی ہاں**—اپنا ووٹر انفارمیشن کارڈ اور ایک عدد ID ساتھ لائیں جس میں آپ کا نام نظر آئے (مثلاً یوٹیلیٹی بل)
- **جی نہیں**—ایک عدد ID ساتھ لائیں جس میں آپ کا نام اور گھر کا پتہ نظر آئے (مثلاً اونٹاریو کا ڈرائیورز لائسنس)

elections.on.ca/id-requirements پر قابل قبول ID کی ایک فہرست تلاش کریں۔

ابتدائی اوقات میں ووٹ ڈالیں

ڈاک کے ذریعے

- ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے لیے **votebymail.elections.on.ca** پر درخواست دیں۔
- Elections Ontario کو **21 فروری** شام 6 بجے (مشرقی معیاری وقت) تک آپ کی درخواست موصول ہونی چاہیے۔
- Elections Ontario کو **27 فروری** شام 6 بجے (مشرقی معیاری وقت) تک آپ کی تکمیل شدہ ووٹنگ کٹ موصول ہونی چاہیے تاکہ گنتی میں شمار کی جائے۔

آپ کے مقامی دفتر میں

- **30 جنوری** سے **26 فروری** شام 6 بجے تک اپنے مقامی انتخابی آفس میں شخصی طور پر موجود ہو کر ووٹ دیں۔

پیشگی ووٹنگ کے دوران

- اپنے انتخابی ڈسٹرکٹ میں کسی بھی پیشگی ووٹنگ کے مقام پر **20 فروری سے 22 فروری تک** صبح 10 بجے سے رات 8 بجے (مشرقی معیاری وقت) تک ووٹ دیں۔

الیکشن کے دن ووٹ دیں

- **27 فروری** کو صبح 9 بجے سے رات 9 بجے (مشرقی معیاری وقت) تک اپنے تفویض کردہ ووٹنگ کے مقام پر ووٹ دیں۔

اپنے ووٹنگ کا تفویض کردہ مقام اپنے ووٹر انفارمیشن کارڈ پر، Elections Ontario کےایپ پر، یا **voterinformationservice.elections.on.ca** پرتلاش کریں۔

اگر آپ کا تفویض کردہ ووٹنگ کا مقام قابل رسائی نہیں ہے تو، ووٹنگ کے دوسرے مقام پر منتقل کرنے کی درخواست کرنے کے لیے انتخاب کے دن سے پہلے اپنے مقامی انتخابی دفتر سے رابطہ کریں۔

رسائی

آپ **20 سے 22 فروری تک**، نامزد علاقے کے پیشگی انتخاب میں، **20 سے 26 فروری تک** اپنے مقامی الیکشن آفس میں یا الیکشن کے دن اپوائنٹمنٹ کے ذریعے معاون ووٹنگ ٹیکنالوجی استعمال کر سکتے ہیں۔

قابل رسائی ٹولز اور خدمات کے لیے **elections.on.ca/accessible-voting** ملاحظہ کریں یا 1.888.668.8683 یا ٹی ٹی وائی 1.888.292.2312 پر کال کریں۔

ووٹنگ کے بارے میں متبادل فارمیٹس میں معلومات درخواست کرنے پر دستیاب ہیں۔

<u>آئیں ہمارے لیے کام کریں</u>

اگر آپ کی عمر 16 سال یا اس سے زیادہ ہے تو، آپ انتخابی اہلکار کے طور پر کام کرنے کی درخواست دے سکتے ہیں۔ تمام عہدوں کے لیے اجرت دی جاتی ہے اور تربیت فراہم کی جاتی ہے۔

jobs.elections.on.ca پر درخواست دیں۔

<u>ہم سے رابطہ کریں</u>

اپنے قابل اعتماد ذریعہ سے حقائق حاصل کریں۔

ویب سائٹ:	**elections.on.ca**
فون:	**1.888.668.8683**
ٹی ٹی وائی:	**1.888.292.2312**
ای میل:	**info@elections.on.ca**

electionson@
ElectionsON
ElectionsON@

<u>Elections Ontario کا ایپ</u>

اہم انتخابی معلومات، اپنے ووٹر انفارمیشن کارڈ کا ڈیجیٹل ورژن، ووٹنگ کے مقامات کی مکمل فہرست اور مزید کچھ کے لیے ایپ ڈاؤن لوڈ کریں!